پی سی بی انڈر16 نیشنل ون ڈے ٹورنامنٹ کا تیسرا راؤنڈ مکمل

راولپنڈی، 17 فروری 2021ء:

پی سی بی انڈر16 نیشنل ون ڈے ٹورنامنٹ کے تیسرے راؤنڈ میں سدرن پنجاب، بلوچستان اور سنٹرل پنجاب نے اپنے اپنے میچز جیت لیے۔

پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم راولپنڈی میں کھیلے گئے میچ میں بلوچستان نے ناردرن کو2وکٹوں سے شکست دے دی۔174رنز کا مطلوبہ ہدف 40.3اوورز میں 8وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرکے ناردرن کو2وکٹوں سے شکست دے دی۔ عبدالصبور62اور اکرام اللہ35رنز بناکر نمایاں رہے۔ناردرن کے سعد مسعود نے 4وکٹیں حاصل کیں۔اس سے قبل ناردرن کی پوری ٹیم 41.1اوورز میں 173 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی تھی۔ناردرن کے حمزہ وحید نے55اور شمائل حسین نے36رنز بنائے۔ محمد قاسم نے 3وکٹیں حاصل کیں۔

ایوب پارک کرکٹ گراؤنڈ راولپنڈی میں کھیلے گئے میچ میں سدرن پنجاب نے سندھ کو7وکٹوں سے ہرادیا۔فاتح ٹیم نے150رنز کا مطلوبہ ہدف 24.1اوورز میں 3وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ عرفات احمد نے86رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔سندھ کے رومیل احمد نے 3وکٹیں حاصل کیں۔اس سے قبل سندھ کی پوری ٹیم36اوورز میں149رنز بناکر آؤٹ ہوگئی تھی۔سندھ کے وہاج ریاض نے29 رنز بنائے۔ حسیب گل نے 21رنز کے عوض 5وکٹیں حاصل کیں۔

راول کرکٹ گراؤنڈ راولپنڈی میں کھیلے گئے میچ میں سنٹرل پنجاب نے خیبر پختونخوا کو3وکٹوں سے ہرادیا۔سنٹرل پنجاب 198رنز کا

مطلوبہ ہدف 44.1 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ خیبر پختونخوا کے محمد ایاز نے عمدہ باؤلنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 28 رنز کے عوض 5 وکٹیں حاصل کیں۔ اس سے قبل خیبر پختونخوا نے مقررہ 45 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 197 رنز بنائے۔ کپتان محمد طاہر 37 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہے۔ عبید اللہ نے 3 وکٹیں اپنے نام کیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications